96111 ـ ليڈی ڈاکٹر اور نرس کا لباس کے اوپر سفید کوٹ پہننا

سوال

میں میڈیکل کالج کی سٹوڈنٹ ہوں، اور الحمد للہ نقاب بھی کرتی ہوں، لیکن کالج میں دوران تعلیم لباس کے اوپر سفید رنگ کا لمبا اور کھلا کوٹ پہنتی ہوں، میڈیکل کے طلبا کا یونیفارم ہے، اور جب مارکیٹ کا کہیں اور جاتی ہوں تو کیا پھر بھی یہ لمبا کوٹ جو کہ گھٹنوں تك پہنچتا ہے پہننا لازمی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

عورت کے لباس کے متعلق معتبر شروط سوال نمبر (6991) کے جواب میں بیان ہو چکا ہے، آپ اس کا مطالعہ ضرور کریں.

آپ نے جس کوٹ کھلے اور لمبے کوٹ کا ذکر کیا ہے لباس کے اوپر پہننے میں کوئی حرج نہیں.

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

" لیڈی ڈاکٹر اور نرسوں اور ملازمات وغیرہ پر واجب ہے کہ وہ اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرتے ہوئے اللہ سے ڈریں، اور ایسا لباس پہنیں جس میں عفت و عصمت ہو، اور باپرد نظر آئیں، جس کو پہننے کے بعد جسم کے اعضاء یا ستر کا حجم واضح نہ ہو، بلکہ وہ لباس متوسط ہونا چاہیے نہ تو بہت زیادہ کھلا ہی ہو، اور نہ ہی تنگ، وہ لباس ان کے لیے شرعی پردے اور ستر کا باعث بنے، اور فتنہ و خرابي کے اسباب میں مانع ہو " انتہی.

دیکھیں فتاوی الشیخ ابن باز (9 / 427).

واللہ اعلم .